نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ اگست کے دوران ترشاوہ پھلوں کی بہتر نگہداشت بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور:20اگست2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان بارش کی صورت میں فالتو پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں۔کاغذی لیموں اور میٹھے کی برداشت جاری رکھیں۔سفارش کردہ کھٹی کی نرسری لگائیں آب پاشی موسی پیشن گوئی کے مطابق کریں۔ترشادہ پودوں کو نائٹروجن کی تیسری قسط ڈالیں۔بہتر ہے کہ کھادوں کا استعمال تجزیہ زمین کے مطابق کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ نئے پودے لگانے کے لیے Layout (نشان دہی) کے بعد3×3×3 فٹ کے گڑھے کھودیں۔ایک فٹ کی اوپر والی مٹی علیحدہ رکھیں باقی کھیت میں بکھیر دیں اور گڑھے دو ہفتے تک کھلے رکھیں۔تسلی بخش پودے خریدنے کے لیے رجسٹرڈ نرسری کا انتخاب کریں.پیوندکاری کا عمل تیز کریں نیز باغ میں پودوں کے ناغوں کا جائزہ لیں اور ناغے لگائیں کیڑوں اور بیماریوں کی شدت کا معائنہ کرنے کے بعد ان کا تدارک کریں۔برسات کے موسم میں کئی دفعہ پودوں کے تنوں سے گوند نکلنا شروع ہو جاتی ہے۔اس کو کسی تیز دھار آلہ سے اتار کر زخموں پر بورڈو پیسٹ لگائیں۔میٹھے کا پھل برداشت کرنے کے بعد یوریا، ڈی اے پی اور پوٹاش ایک ایک کلوگرام فی پودا ڈالیں۔

☆☆☆☆